19/04/2026

09:25 /AM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میناعجازہ اختر

وزیر اعظم

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ ان کی حکومت کے لیے قومی مفاد سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے۔ کل رات قوم سے خطاب کرتے ہوئے، وزیر اعظم نے کہا کہ، حکومت کی بہترین اور مخلصانہ کوششوں کے باوجود، وہ ناری شکتی وندن ادھینیم بل میں ترمیم سے متعلق قانون سازی کو محفوظ بنانے میں ناکام رہی۔ انہوں نے کہا کہ اس کے لیے وہ تمام ماؤں اور بہنوں سے معذرت خواہ ہیں۔ وزیر اعظم نے کہا ہے کہ ناری شکتی وندن ادھینیم کے حوالے قانون سازی کا مقصدپارلیمنٹ میں ہر خطے اور علاقے کی آواز کو مناسب نمائندگی دیکھ کر اُسے مضبوط بنانا تھا۔لیکن اس مخلصانہ کوشش کو کانگریس اور اس کے اتحادیوں نے کُچل دیا۔

-----PM-----

LG

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نشہ مکت جموںوکشمیر ابھیان کے تحت کل راجوری میں نکالی گئی ایک پدیاترا میں شرکت کی۔ انہوننے کہا کہ انتظامیہ جموںو کشمیر میں منشیات کو جڑ سے اُکھاڑ پھینکنے کےلئے کمر بستہ ہے۔

ایل جی نے کہا ہے کہ راجوری ایک حساس علاقہ ہے جہاں سرحد پار سے منشیات کی سمگلنگ کا خطرہ ہے تاہم چلینجوں کو کچلنے ، منشیات کے کاروبار کو ختم کرنے اور معاشرے کو نشے سے پاک کرنے کےلئے انتظامیہ پُر عزم ہے۔

انہوننے نشہ مکت جموں وکشمیر ابھیان کی شروعات کے بعد منشیات مخالف کارروائیوں میں تیزی لانے کےلئے جموںو کشمیر پولیس کی سراہنا کی۔ انہوننے کہا کہ11اپریل سے پہلے درج ہونے والے کیسوں میں پچھلے7دنوں میں تین گنا اضافہ دیکھا گیا ہے۔

LG Byte.......---- -

جا وید ڈار

زراعت اور پنچایتی راج کے وزیر جا وید احمد ڈار نے کشمیر کی جغرافیائی اور معاشی حالات کو مدنظر رکھتے ہوئے پہاڑی علاقوں میں منریگا کی اُجرت کی شرح کو272روپے سے بڑھا کر311 روپے کرنے کی مانگ کی ہے۔ وہ کل مرکزی وزیربرائے دیہی ترقی شیوراج سنگھ چوہان کی طرف سے بلائی گئی ایک آن لائن جائزہ میٹنگ میں شرکت رہے تھے۔

میٹنگ میں منریگا اور وکست بھارت جی رام جی سکیم کی عمل آوری کے حوالے سے تجاویز طلب کی گئی۔

شانت منو

ریاستی الیکشن کمشنر شانت منو نے پنچائتی انتخابی فہرستوں میں تمام اہل ووٹروں کی صد فیصد شمولیت کو یقینی بنانے کی ضرورت پر زور دیا۔وہ کل جموں اور ادھم پور اضلاع میں دورے کے دوران انتخابی فہرستوں پر نظر ثانی کی جاری پیش رفت کا جائیزہ لے رہے تھے۔

انہوں نے متعلقہ عہدیداروں کو ہدایت دی کہ نظر ثانی کی مدت کے دوران تمام اہل ووٹروں کی شناخت کرنے اور اندراج عمل میں سہولت فراہم کریںاور اس بات کو یقینی بنائیں کہ کوئی بھی اہل ووٹر اندراج سے محروم نہ رہے۔

DCسرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگراکشے لابرو نے سیلاب سے نمٹنے کے جاری کام کی پیش رفت کا جائزہ لینے کی غرض سے ایک میٹنگ کی صدارت کی ہے۔اس موقعے پر ڈپٹی کمشنر جو ڈسٹرکٹ ڈیزاسٹر منیجمنٹ اتھارٹی کے چیئرمین بھی ہیں، کوتیاریوں کے حوالے سے تفصیلی جانکاری فراہم کی گئی۔

میٹنگ میں ڈی سی نے فعال منصوبہ بندی کی اہمیت پر زور دیا اور تمام جاری منصوبوں کو مقررہ مدت کے اندر مکمل کرنے کی ہدایت دی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ کسی بھی ممکنہ خطرات کو کم سے کم کرنے کے لیے پہلے ہی تمام احتیاطی تدابیر اختیار کی جائیں۔

کمشنر

سرینگر میونسپل کارپوریشن کے کمشنر فضل الحسیب نے مائسمہ کے تجارتی مرکز کا دورہ کیا اورٹریڈیرس ایوس سی ایشن کے ممبران کے ساتھ ملاقات کر کے شہری مسائل کا جائزہ لیا۔دورے کے دوران تاجربرادری نے علاقے کے نکاسی آب کے ناقص نظام اور اسٹریٹ لائٹس کے مسئلے کو کمشنر موصوف کی نوٹس میں لائے۔

اس موقعے پرکمشنر موصوف نے عوامی شکایات کا سنجید نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ حکام کو موقع پر ہی ہدایت دی کہ وہ نکاسی آب کے بہتر نظام اور علاقے میں صبح اور شام کے اوقات میں پیدل چلنے والوں کے آسائش کے لئے ہائی وولٹیج اسٹریٹ لائٹس نصب کرنے کی محکمے کو ہدایت دی ہے۔

Skims

Endocrinology شیر کشمیر انسٹی چیوٹ آف میڈیکل سائنسز صورہ سرینگر میں کل ادارے کے MP-PCOS یعنیMetabollic Syndrome, Pre diabetes & PCOS شعبے کے اہتمام سے سوسائٹی کی چھٹی سالانہ بین الاقوامی کانفرنس کا آغاز ہوا ۔

سوسائٹی کے صدر بھی MP-PCOS سکمزکے ڈائریکٹر پروفسر ڈاکٹرمحمد اشرف گنائی، جو کہ امراض کے بارے میں جانکاری کو فروغ دینے Endocrine ہیں ، نے کہاکہ یہ کانفرنس مینکلیدی اہمیت کی حامل ثابت ہوگی ۔اس دو روزہ کانفرنس میں نامور قومی اور بین الاقوامی ماہرین شرکت کر رہے ہیں۔

بارش

شہر سرینگر سمیت وادی کشمیر کے بیشتر علاقوں سے آج صبح سے رُک رُک کر بارشوں کا سلسلہ جا ری ہے۔ اس دوران ہمارے کولگام کے نمائندے نے اطلاع دی ہے کہ علاقے میں ہلکی بارشوں کا سلسلہ جا ری ہے تاہم سرینگر جموں شاہراہ پر گاڑیوں کی آمد و رفت بلاخلل جا ری ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 10اعشاریہ 5 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت20 اعشاریہ7ڈگری سیلشیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر

اردو میں نشر ہو گا ۔

خدا حافظ